26دسمبر، 2011

اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر جناب کامران شہزاد نے بینکوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی خدمات کا معیار بہتر بنائیں

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ڈپٹی گورنر جناب محمد کامران شہزاد نے بینکوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی خدمات کا معیار بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کریں اور لوگوں کی مزید موثر اور پیشہ ورانہ انداز میں خدمت کریں۔ انہوں نے کہا کہ بینکاری درحقیقت لوگوں کا اعتماد ہے اور یہ ہمارے بینکوں اور بینکاری نظام کے استحکام کے لئے ضروری ہے۔

آج کراچی میں بینک آف خیبر کی ایک نئی کارپوریٹ برانچ کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک نے گذشتہ چند برسوں کے دوران اپنی برانچ لائسنسنگ پالیسی میں اہم تبدیلیاں کی ہیں جن سے بینکوں کو اپنی خدمات کا دائرہ ملک کے تمام حصوں تک وسیع کرنے کے مواقع میسر آئے ہیں، مراعات سے آراستہ اس پالیسی کا مقصد بینکاری کی خدمات سے محروم اور دیہی علاقوں تک مالیاتی خدمات پہنچانا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس پالیسی کے تحت روایتی بینکاری کی خدمات کے لئے شاخیں کھولنے نیز مائیکرو فائنانس سروسز اور اسلامک بینکنگ برانچز جیسی شعبوں کے لئے مخصوص شاخوں اور ذیلی شاخوں و مستقل بوتھس جیسے چھوٹے محدود بینکنگ سیٹ اپس کی اجازت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینکاری کے قواعد وضوابط کو اس طرح وضع کیا گیا ہے کہ ان سے تمام بینکوں کو یکساں مواقع میسر آئیں۔

اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر نے کہا کہ برانچ لیس بینکنگ مزید فعال اور بہتر انداز میں مالیاتی خدمات کا دائرہ وسیع کرنے کا ایک نیا راستہ ہے۔ اس کی اہمیت کے پیش نظر اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 2008 میں برانچ لیس بینکنگ ریگولیشنز متعارف کرائے اور نتیجتاً برانچ لیس بینکنگ مستحکم اور نئے پلیئرز کی شرکت کے ساتھ بتدریج وسعت پذیر ہے۔

انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ اس پیش قدمی سے نہ صرف استعداد میں بہتری آئے گی بلکہ اس سے آبادی کے ایسے بڑے حصے کو جو دور حاضر کی جدید بینکاری کی سہولتوں سے محروم ہے، مالیاتی خدمات کی فراہمی میں بھی تیزی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد بینکوں کے صارفین کو بہتر سہولتوں کی فراہمی، عوام کی سہولت اور بالآخر پاکستان میں اقتصادی نمو اور ترقی کے لئے بینکاری شعبے کو سہولت فراہم کرنا ہے۔

جناب کامران شہزاد نے کہا کہ بینک آف خیبر نے گذشتہ چند برسوں کے دوران اثاثوں میں بہتر نمو کا اپنا سفر جاری رکھا۔ بینک آف خیبر اوسط درجے کے ان بینکوں میں شامل ہے جنہوں نے کام کے مشکل حالات کے باوجود اپنی کارکردگی بہتر بنائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینک (78 بزنس مقامات میں سے) 26 شاخوں کے اسلامک برانچ نیٹ ورک کے ساتھ اسلامی بینکاری کو فروغ دینے میں بھی اپنا اہم کردار ادا کررہا ہے۔ ☆☆☆☆//